نه او د هغه اپوائنټمنټ په سیاسی دغه باندې وشی نو د هغه نه مونږ دغه شان توقع ساتو کوم چې هغه په دې کلاس فور اپوائنټمنټ کښې وکړله او بله د حیران توب خبره دا ده سپیکر صاحب! چې کم از کم تحصیل هیډ کوارټر شبقدر هسپتال کښې هلته دوه د مینارټی سیټونه دی چې کم از کم هغې باندې چې کوم کسان اپوائنټ شوی دی نو هغه د سیالکوټ سره تعلق ساتی، د هغوی شناختی کارډ هم د سیالکوټ دے، د هغوی ډومیسائل چې کوم دے، دغه هم د سیالکوټ دے نو کم از کم دا دومره 184اپوائنټمنټس چې کوم شوی دی *(اوہواوہو کی آوازیں)* او بیا چې پکښې دوه کسان د سیالکوټ نه دی نو دا د انصاف هغه دغه دے چې کوم دوئ به دلته وعدې کولې چې بهئ مونږ ټول شے چې کوم دے، دا به په Consensus باندې کوؤ، مونږ به ئے په انصاف باندې کوؤ نو جناب سپیکر صاحب! دا دغه چې کوم دې لکه مثلاً دیکښې د انکوائری مقرر شی یا دا کوم اپوائنټمنټس شوی دی یا کوم آرډرونه چې کوم دې ډی ایچ او کړی دی نو کم از کم دا د منسوخ کړې شی او کم از کم په دې باندې د بیا فریش اپوائنټمنټس وکړې شی او جناب سپیکر صاحب! دا دغه چې کوم دے دا کوم چې ما تاسو ته اووئیل بهئ! لکه د دې پوسټنګز چې کوم دے، دا Already د سیاسی په Basis باندې شوی دی، دا دلته په دې پلاننګ باندې راوستلې شوی وو چې هغه په ایډمنسټریشن کیډر کښې راځی نه، او هم د دغې اپوائنټمنټ د پاره صرف دا دلته راا غوښتلې شوی دی، نو مهربانی د وکړی چې کم از کم د دغې سیټ د پاره چې، مونږ کله منسټر صاحب سره په دې باندې رابطه هم کړې وه چې بهئ! دا دغه دے د ډی ایچ او، مونږ ورته ریکویسټ کړے دے یو دغه د پاره نو دوئ وئیل چې دا په ایډمنسټریشن کیډر کښې نه راځی، نو زه د منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چې هغه خو ایډمنسټریشن کیډر کښې نه راتلو نو دا ولې په ایډمنسټریشن کیډر کښې هم دا نه راځی نو بیا دا ولې بحیثیت ډی ایچ او دلته د چارسدې باندې د دوئ اپوائنټمنټ شوے دے؟ نو مهربانی د وشی جی د د هغې Explanation د منسټر صاحب وکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی سید جانان، پلیز۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زه جی د وخت مدنظر ډیرې اوږدې خبرې نه کوم، زه جی صرف هغه خبرې کوم چې کومې ما په سترګو باندې لیدلې او یا دلته ما سره موجود دی۔ جناب سپیکر صاحب! شاه فرمان صاحب کله کله پاڅیږی، داسې خبرې وکړی لکه دغه صوبې کښې د پیئو او د شهدو نهرونه جاری دی، مطلب دا دے چې خوشحالئ خوشحالئ دی او هیڅ څه تکلیف نشته دے، حالانکه جناب سپیکر صاحب! زه صرف د ایجوکیشن متعلق تاسو ته یو دوه درې حوالې صرف پیش کوم چې هغې کښې اخبارونه څه لیکی او دا دلته کښې حکومت مونږ ته څه جواب راکوی؟ دا جی 'مشرق' اخبار دے 9 دسمبر "*پی ٹی آئی کے کارکنوں کی محکمہ تعلیم میں مداخلت، خواتین اساتذہ سے بدتمیزی*"، دا زما د حلقې نه ما ته ځو استاذانو ټیلیفونونه وکړل چې دلته کسان راشی (وائی) چې ته مونږ ته رجسټرې اوښایه، داخل و خارج اوښایه، (*قہقہے*) جناب سپیکر صاحب! ما ای ډی او صاحب ته اووئیل چې ای ډی او صاحب! برائے مهربانی، ته لاړ شه مطلب دا دے چې دا څوک خلق دی او مطلب دا دے چې داسې دا استاذان بې عزته کوی او داسې دفترو ته ورځی او داسې مطلب دا دے بدتمیزی کوی۔ جناب سپیکر صاحب، هغه چې کله لاړو، هغه د حکمران جماعت، د پی ټی آئی د هغه یونین کونسل امراء، نظما او ملګری، د هغوی د هغه تنظیم ملګری دغه استاذانو ته ورغلی دی۔ جناب سپیکر! دویم اخبار دے د 26نومبر "*خاتون ای ڈی او کی قواعد کے برعکس اسسٹنٹ پروگرامر کی آسامی پر تعیناتی*"، جناب سپکر صاحب! مینجمنټ کیډر کښې "*گریڈ سولہ کی خاتون افسر کو کمپیوٹر شعبہ کی نئی پیدا کی گئی آسامی پر اسسٹنٹ پروگرامر تعینات*" جناب سپیکر صاحب! زه نه پوهیږم چې دا حکومت په خبرې ځان نه پوهه کوی او که د حالاتو نه نه خبریږی؟ پکار دا ده چې دغه حالاتو نه خبر وے او خاصکر د اطلاعاتو منسټر خو دغه ټولو خبرو نه روزانه خبر وے چې څه مونږ پسې لیکلې کیږی، آیا دا حقیقت دے او که دا د حقیقت خلاف ورزی ده؟ جناب سپیکر صاحب! بله عجیبه خبره درته دا کوم، دا جی اخبار دے، یکم مارچ "*ایم پی اے کی سفارش پر بھرتی، ایک سو سے زائد اساتذہ کو فارغ کرنے کا فیصلہ*" جناب سپیکر صاحب!"*محکمہ تعلیم نے فنڈز نہ ہونے کے*

باعث اساتذہ کو تنخواہ دینے سے معذرت کر لی ہے"۔ جناب سپیکر صاحب! د دوئ کوم تفصیل دے ، بقایا ده ، هغه تفصیل او بقایا کښې دا دی چې د حکومتي پارټئ یو ایم پی اے لګیدلے دے ، هغه د قانوني تقاضې پورا کولو نه بغیر په خپل آرډر باندې سو کسان بهرتی کړی دی۔ جناب سپیکر صاحب، بیا لږې مودې بعد هغه کسان مطلب دا دے چې بیا ویستلې شوی دی۔ جناب سپیکر صاحب! هم دغه شان-----

<u>ایک رکن</u>: نوم ئے واخله---

<u>مفتی سید جانان</u>: نوم ئے تاسو ، زه به نوم نه اخلم ، نوم نه کوی خوند۔ هم دغه شان جی ، دا جی 23 جنوری_ *محکمہ تعلیم نوشہرہ میں بوگس بھرتی، سکینڈلز کی تحقیقات مکمل، سلیم خان کو شوکاز نوٹس جاری*_ هم دغه شان جی 6 مارچ جی ، *پرائمری سکول کا استاد ڈائریکٹریٹ میں لیگل ایڈوائزر کی آسامی پر تعینات۔* (قہقہے) وائی چې یو سړے د متهائی دکان ، زه خبره جی ختموم ، ډیرې خبرې نه کوم ، وائی چې یو سړے د متهائی دکان باندې ناست وو او چرته یو باندې نه سړے راغے او هغه ته ئے اووئیل چې حاجی صاحب! دا متهائیانې ته ولې نه خورې ، ګورې نه که مطلب دا دے چې خوند درته نه درکوی؟ جناب سپیکر صاحب ، زه حکومت ته ګزارش کوم چې دغه حکومت مونږ ته ډیرې د انصاف خبرې کولې او دغه خبرې به ئے کولې چې دلته به ان شاء الله العظیم انصاف به وی او عدل به وی او دا خبرې به وی۔ جناب سپیکر صاحب! اوس دا انصاف او عدل تاسو پخپله ولیدلو۔ جناب سپیکر صاحب! دویمه خبره زه کوم د انجینئرنګ کونسل ، دا جی 'ایکسپریس' اخبار دے_ *انجینئرنگ کونسل میں اعلیٰ افسر کا بیٹا گریڈ 17 میں بھرتی*_ د دې جی ټول تفصیل دا دے چې د دې اشتهار نه دے شوے ، قانوني تقاضې نه دی پورا شوی او بیا دغه کس نه تپوس کوی چې دا د ولې کړے دے؟ هغه وائی چې زه د دې پابند نه یم چې زه اشتهار اولګوم ، دا زما خپله مرضی ده۔ جناب سپیکر صاحب ، دې نه عجیبه خبره جی بله ، دا جی 27 فروری والا اخبار دے جی-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مارچ نه بیا تاسو فروری ته راغلئ۔ (قہقہہ)

مفتی سید جانان: جی محکمه معدنیات، یو منټ جی، محکمہ معدنیات نوشہرہ میں کرپشن اور بے قاعدگیوں کا انکشاف، محکمہ کے ایک افسر نے بیرون ملک مقیم اپنے بیٹے کو جونیئر کلرک کی آسامی پر تعینات کر رکھا ہے، نو ماہ سے خود تنخواہ وصول کر رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! چې زه د دې خبرو نه خبر یم، زه خو دا امید لرم چې حکومت به د دغه خبرو نه خبر وی، حکومت ته به د دغه ټولو خبرو معلومات وی او جناب سپیکر صاحب! دا به زه درته اووایم، زه به درته د خپلې ضلعې خبره وکړم، سیاسی مداخلت د وجې نه باعزته خلق، هغه خلق چې هغه خپل عزت محفوظ ساتی، هغوی د وخت نه مخکښې ریټائرمنټ اخلی، هغوی د دغه محکمو نه ځی۔ مردان کښې هم داسې یو دوه ځایونو کښې شوی دی او زما د ضلعې مثال دا دے، زما ضلع کښې ډی ایچ او صاحب لاړ دے، ما ورته اووئیل چې ولې لاړې؟ هغه اووئیل چې زه نشم چلیدې دغه خلقو سره، زما به دا گزارش وی، حکومت د په دغه خبرو باندې ځان پوهه کړی او که نه وی نو راتلونکی وخت کښې به دغه حکومت ته پخپله دا مشکلات جوړوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعظم خان درانی صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: هغه هم ستا ورور دے، ستا نه وروستو ډیر، تاسو ته په نظر نه راځی، هغه ستاسو نه زیات اصرار کوی کنه جی۔

جناب اعظم خان درانی۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ د انصاف او د تمدن خبرې خو جی تاسو واوریدې ټولو ایم پی ایز نه او د حق تلفئ، زه هم جی یوه خبره کوم چې بنوں ټاون شپ ته یو کس تلے دے گریډ 7، په بی پی ایس 14 کښې په ډیپوټیشن باندې هیډ ډرافټسمین ناست دے، ما مخکښې هم دا توجه دلاؤ نوټس راوړے وو نو ما ته ئے Reject کړو چې دا به تاسو په دې باندې خبره وکړئ نو جناب سپیکر صاحب! دا ډیپوټیشن پالیسی څه ده؟ د هغې به څه پالیسی وی، د هغې لاندې به کس ځی نو د هغه ډیپارټمنټ نه اته کسان جی اویستلی شول۔ ما سره دا دے هغه نن راغلی وو چې دې حکومت د روزگار ورکولو دعوې کړې وې او مونږ ئے د روزگار نه محرومه کړو۔ مونږه جی په دې فلور باندې احتجاج ریکارډ کړوو، 72 کسان ئے ویستلې وو او 65 ئے کړی وو، د

هغې متعلق هغه کوم 65 کسان چې دی لوکل آډټ، هغوی لیکی سیکرټری صاحب ته او خپل ایم سی ته چې مونږ دوئ ته تنخواه نه شو ورکولے، دا غیر ضروری دی، دا جی دا انصاف دے؟ او دا زیاتے دے، دا جی ما سره شته جی تاسو ته به ئے زه درلیږم۔ بل جی، یو بل انصاف دے، زما په ضلع کښې فارسټ دفتر دے، په هغې کښې رینجر افسر دے، نو هغې نه خپل اختیار اخستے شوے دے، یو کښې هم جونیئر فارسټ افسر دے، فارسټر دے او په بل کښې، لکی ضلع کښې هم فارسټر دے، نو چې کله زمونږ سیکرټری صاحب هغه رینجر افسر ته د بنوں چارج ورکړو نو د High ups نه بیا هغه ته اطلاع لاړه چې دا کینسل کړه او Specially په څلورو کسانو کښې د یو کس آرډر کینسل شو، نو جناب سپیکر صاحب! که دا انصاف وی نو چې ایم پی اے ته فنډ هم نه ملاویږی، کلاس فور هم نه شی کولے، ټرانسفر هم نه شی کولے نو د ایم پی اے څه حیثیت دے؟ لوکل کونسل کښې چې کومې پیسې ملاو شوې دی، زما خلاف 2 کروړ 67 لاکھ روپئ، زه کورټ ته لاړم نو ډپټی کمشنر صاحب وائی چې د سپیکر، د اسمبلئ څه قیمت نشته زما د پاره، ما ته د High ups نه په دیکښې Direction دے، زه به پیسې ورکوم۔ نو جناب سپیکر صاحب! ما تحریک استحقاق راوړو، تر اوسه پورې هغه Call شوے نه دے نو د دې اسمبلئ هغه وقار څه شو، هغه اسمبلی څه شوه؟ دا خو ډیر معزز فورم دے، دلته فیصلې کیږی، قانون جوړیږی نو جناب سپیکر صاحب! دا ټول زمونږ د صوبې افسران کرپټ دی ځکه چې یا خو دوئ پیسې نه دی لګولې، دوئ کرپټ کړل، دوئ پیسې نه دی لګولې، دوئ جی کرپټ کړل، یو کال به دوئ ورکړے وو دوئ ته، پیسې به ئے لګولې وې، که چرته یو افسر کرپشن کړے وے نو هغه سره به ئے حساب کړے وو، یا به ئے ویستلے وو یا به ئے Punishment ورکړے وے خو جناب سپیکر صاحب! دا الزام لګول، اصلی ګورنمنټ زمونږ بیوروکریسی ده، په دې باندې الزام لګول، په پولیس الزام لګول، نو دا ډیر زیاتے دے۔ نو جناب سپیکر صاحب! دې ګورنمنټ نه چې کوم زمونږ توقعات وو او یا د الیکشن نه مخکښې دوئ کومې وعدې کړې وې، هغه ټولې 'زیرو' دی خو که دا حالات راروان وی نو د دې صوبې به څه جوړیږی؟ نو مونږ دا تاسو ته خواست کوؤ چې زمونږ منسټر صاحب شته نه بلدیات، هغه چې

کوم کسان ویستلې دی، اته کسان، هغه به بیا Reinstate کړی، د هغوی آتھ آتھ سال سروس دے۔ شکریه، جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: *مفتی فضل غفور صاحب! کوشش کریں کہ بہت کم ٹائم لیں، پھر اس کے بعد آپ کو ٹائم دیتا ہوں ان شاءاللہ۔*

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ زه به ایجنډا باندې مختصر خبره کوم خو د هغې نه مخکښې منور خان صاحب خبره فلور باندې وکړله، ما خو وئیل چې دا خو کول نه دی پکار، بهرحال جناب سپیکر! سوشل میډیا، سوشل نیټ ورکس چې څومره دی، دا د Quick information د هغې یو Sources دی۔ ما خپل ضرورت باندې پرون خپل اکاؤنټ کهلاؤ کړو، هغې کښې اچانک زما یو عنوان باندې نظر پریوتو چې '*اللہ کی قدرت کا عجیب کرشمہ*' ، ما دغه کهلاؤ کړو، هغې کښې یو باډی وه، هغې د پاسه دوه سرونه وو او هغه مکمل دواړه چهرې وې، مکمل دواړه ښه ښائسته او باډی یوه وه۔ زه هغې حیران کړم او بیا د هغوی یو بل سره خبرې اترې او بیا د هغوی خوراک څښاک، زه دې سوچ واخستلم، چونکه هر سړے په خپل فیلډ کښې سوچ کوی، بحیثیت د یو عالم دین، دا باډی د یو زنانه وه، ما وئیل که فرض کړه دا مسلمانه وی نو د دې د نکاح به څه کیږی؟ زه دې سوچ کښې ووم چې دیکښې ما ته یو میسج راغلو چې پټئ چلیږی اے آر وائی باندې، بهرحال زما په خیال باندې تحقیق او د هغې بیا مختلف موضوعات او مختلف دغه، هغه بیا دومره هائی لائټ کول زما په خیال دا مناسب نه وو۔ جناب سپیکر، تر کومې پورې چې د ایجنډې خبره ده نو دا پانچ نمبر آئتم باندې لیکی۔ *صوبے میں سیاسی تقرریوں پر بحث*_ جناب سپیکر، مونږ خو ډیره ښه توقع ساتله چې دا کوم نوے حکومت راغلے دے په نوې جذبې سره په هر ځائې کښې به انصاف کیږی او هر چا ته به خپل حق ورکولے کیږی او بیا جناب سپیکر، دا اسمبلی همیش د پاره یو Traditionally اسمبلی ده، په روایاتو باندې مبنی او منحصره اسمبلی ده، جناب سپیکر! دلته سی ایم صاحب په خپلو خبرو کښې فرمائیلی وو چې هر ایم پی اے د خپلې حلقې چیف منسټر دے او دا وزیر اعلیٰ دے نو پکار دا وه چې د هغویOpinion ته، د هغوی رائې ته د هغوی په حلقو کښې احترام ورکړے شوے

وے خو زه ډیر په افسوس سره دا خبره کوم چې زما په حلقه کښې په ډسټرکټ کونسل کښې جناب سپیکر! په جولائی کښې شپږ کلاس فور کسان بهرتی شوی وو چې په هغې کښې څلور کسان دا سینټری ورکرز وو او یو پکښې ډرائیور وو، یو په هغې کښې چوکیدار وو او د هغوی لسټ جناب سپیکر! ما سره دا دے موجود دے او په دغه شپږو واړو کسانو کښې په هغې کښې بالکل ایډورټائزمنټ، اشتهار وغیره هم نه وو شوے او نه پکښې زمونږ نه رائې تپوس کړې شوې وه، پکار دا وه چې د لوکل ایم پی اے، کنسرنډ ایم پی اے هغه On board اخستلې شوے وے او بیا جناب سپیکر! د هغې نه وروستو اوس په دې فروری 2014 کښې څلور کسان بیا زمونږ په لوکل ګورنمنټ ډیپارټمنټ کښې زما په حلقه کښې جناب سپیکر! دا کلاس فور بهرتی شول او په هغې کښې ټول کسان چې کوم دی نو هغه زمونږ د رائې په هغې کښې هیڅ قسم څه خیال اونه ساتلے شو۔ لس کسان جناب سپیکر! په دې نهه میاشتو کښې زما حلقه کښې په لوکل ګورنمنټ ډیپارټمنټ کښې بهرتی شوی دی، زه خو انتهائی په دې باندې د افسوس اظهار کوم، حالانکه ما پخپله باندې د جرګې په توګه باندې د لوکل ګورنمنټ چې کوم منسټر صاحب دے، عنایت الله خان صاحب، هغوی ته د جرګې په توګه زه ورغلم او ما ورته اووئیل چې As a concerned MPA پکار دا ده چې تاسو په دیکښې زما د رائې احترام وساتئ خو بهرحال هغوی ټولې خبرې بلډوز کړلې نو دا مناسبه خبره نه ده او بیا جناب سپیکر! دا خو کم از کم که مونږ ورته یو آئینی حق اونه وایو خو روایتی حق ضرور دے ځکه چې د بل چا حلقه وی او دغې کښې څوک مداخلت کوی او څوک پکښې پخپله مرضۍ باندې داسې اپوائنټمنټس کوی نو زما په خیال باندې هغه به هم دا برداشت نه کړې شی، نو لهذا په دیکښې دا وسعت ظرفۍ نه کار اخستل پکار دی او زه به دا اووایم چې دا حق تلفی ده جناب سپیکر، دا حق ورکول نه دی۔ زما مشر بخت بیدار خان خبره وکړله جناب سپیکر! چې دلته په ټرانسفرز کښې او په اپوائنټمنټس کښې Political interference ډیر زیات دے، زه خو به دا اووایم د خپلې ضلعې تر حده پورې جناب سپیکر! چې څومره هیډز آف ډیپارټمنټس دی بلکه چې د هغوی سره چې څومره هم سټاف دے، زما په خیال باندې هغه Totally

په Political interference باندې په دغه ځائې کښې راوستلے شوی دی او هغه ټرانسفر شوی دی۔ دوئ اووئیل چې زمونږ دې ضلعې د پاره په ټوله صوبه کښې چرته ډی ای او فیمیل نشته دے ، زه وایم بونیر هغه بدقسمته ضلع ده چې هغلته ډی ای او فیمیل وه خو هغه د هغې د پاره منسټر حبیب الرحمان صاحب سی ایم صاحب سره په2013-12-17 باندې ملاؤ شو او هغه لیټر د هغې کاپی ما سره ده او دوئ پکښې ریکویسټ وکړو چې Zaib-un-Nisa, DEO (Female) may be transferred and charge may be given to DEO (Male), Buner. زما په خیال باندې دا مناسبه خبره نه ده ځکه چې Already DEO (Female) وه، د زنانؤ سره، د هغوی سره تګ را تګ وغیره، مناسب به دا وه او بیا جناب سپیکر، مونږ دلته وایو چې کلاس فور چې کوم دے د هغوی د پاره میرټ نه کیږی، ما سره یو کاغذ دے جناب سپیکر! چې په هغې کښې ستره سکیل د هغې د اپوائنټمنټ د پاره باقاعده Written په هغې کښې دغه شوے دے چې دا فلانکې کس چې کوم دے نو دا د په فلانکی ډیپارټمنټ کښې سی ایم صاحب ته وئیلې شوی دی چې دا اپوائنټمنټس د وکړلی شی، زما په خیال باندې داسې قسم که سیاسی مداخلتونه روان وی په اپوائنټمنټس کښې، دا به د دغې صوبې د دغې سسټم د تباهئ ذریعه وی او زه خو دې ته وایم چې دا انصاف نه دے جناب سپیکر، دا ظلم دے او که دې ته څوک انصاف وائی نو بیا به مونږ وایو چې دا انصاف به بیا څه ته وائی؟ جناب سپیکر، زه خپلې خبرې خلاصوم او دا به اووایم چې:

ے ظلم کا نام رکھ دیا ہے انصاف، انصاف کا ظلم   پر وہ تبدیلی ڈکشنری میں آ گئی کیا

شکریہ جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر شاہ محمد، د پلیز۔

جناب شاہ محمد خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب! چې تاسو ما ته ټائم راکړو۔ دې معزز ورور ځنې ګیلې وکړې ولې چې زما تعلق هم د بنوں سره دے۔ ځنې ګیلې خو زما سره تعلق نشته، هغه خو خپل منسټر دے خو د دوئ خبرې وشوې چې یو د فارسټ خبره ئے وکړه، د سینیئر او د جونیئر خبره وشوه خو زه دا

وایم چې دا زمونږ ورور د بنوں ډسټرکټ نه ناظم اعلیٰ پاتې شوے دے او د دوئ د تره ځوئې هم معزز اکرم خان درانی چیف منسټر وو او دوئ یو سی ټی ماسټر په بنوں بورډ کښې اسسټنټ سیکرټری کښینولے وو د ستره په پوسټ باندې، نو پخپله د انصاف یو خبره کوؤ او بل ته انصاف ورښایو او بله خبره د ډپټی کمشنر وکړه زما ورور چې ډپټی کمشنر ما ته اووئیل چې زه سپیکر صاحب نه منم، ډی سی صاحب ما ته ټیلفون کړے دے چې ماته چیف ایګزیکټیو صاحب یو آرډر راکوی او سپیکر صاحب بل راکوی، دا خدائے د پاره دواړه سره زورآور دی ما خلاص کړه ولې چې دې ورور په اسمبلی کښې د هغې خلاف تقریر کړے وو نو ډی جی صاحب ما ته ریکویسټ کوی، هغه خپله فیصله نه شی کولې نو دا دو کروړ 67 لاکھ روپئ چې کوم کیس دے هغه په هائی کورټ کښې کیس چلیږی، ده په هائی کورټ کښې Writ کړے دے چې په هغې کښې As DDAC Chairman زه هم فریق جوړ کړے یم او چې کله هائی کورټ ته یو کیس راشی نو زه دا مناسب نه ګڼړم چې هغه بیا د اسمبلئ په فلور باندې ډسکس کیږی ولې چې هغه یو کورټ ته تلے دے، چې کومه فیصله وکړه ان شاء الله هغه به مونږ ته منظوره وی، مونږ د ده قدر کوؤ او ان شاء الله بې انصافی به په دې خبره نه کیږی چې کومې سره زمونږه تعلق دے او نورې چې د چا سره تعلق لری، د لوکل ګورنمنټ د منسټر سره، هغه ده ته خپل جواب ورکوی، د هغې سره زما تعلق نشته دے۔ ستاسو ډیره شکریه جی۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت مجبوری ہے، آپ مہربانی کرکے ناراض نہیں ہونا، سراج صاحب کو موقع دیتے ہیں، مسٹر سراج الحق، پلیز۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر، ایک بات کرنا تھی۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جی فرمائیں، آپ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی صالح محمد صاحب۔

جناب صالح محمد: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! 11 مئی 2013 کو جو انتخابات ہوئے، صوبے کے عوام نے اکثریتی طور پر پی ٹی آئی کی حکومت کو، پی ٹی آئی کی پارٹی کو ووٹ دیئے اور یہ ایک چینج کے نام پر، ایک

تبدیلی کے نام پر اور ایک انصاف کے نام پر، لیکن مجھے بہت افسوس ہے جناب سپیکر، تقریباً نو دس مہینے ہو گئے، نو مہینے ہو گئے ہیں کہ آج تک جو کلاس فور، نئی نوکریاں دینا تو الگ بات ہے لیکن جو کلاس فور ریٹائرڈ ہوئے، ان کی جگہ آج تک نئے کلاس فور تعینات نہیں ہو سکے، میں اپنے حلقے کی بات کر رہا ہوں، شوکت یوسفزئی صاحب کے پاس آتے ہیں، کہتے ہیں جی میں نے ڈی ایچ او کو بتا دیا ہے لیکن وہاں جب جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں جی ہمیں آرڈر نہیں ملا ہے۔ تو مجھے اس کا بہت افسوس ہے، لوگوں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا تھا، نئی نوکریاں تو الگ بات ہے لیکن جو پرانے لوگ جس کا والد ریٹائرڈ ہوا ہے، بیٹا اس طرح پریشان ہے، ابھی تک اس کا آرڈر نہیں ہو چکا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر طارق صاحب شنکیاری میں میرے حلقے کے ایک ڈاکٹر صاحب تھے، پبلک کمیونٹی کی طرف ایک بہت بڑی Written Complaints میں منسٹر صاحب کو دیں، سیکرٹری صاحب کو دیں، چار مہینے ہو گئے ہیں اس کا آرڈر بھی ہو چکا ہے لیکن افسوس ہے کہ وہ ابھی تک اپنی جگہ پر بیٹھا ہوا ہے اور وہاں سے نہیں جا سکا۔ جناب سپیکر! اسی کے ساتھ میرے حلقے میں بلکہ پورے ضلع میں غیر منتخب لوگوں کی جو مداخلت ہے، ڈی ایچ او مانسہرہ کو کل ہی تبدیل کیا گیا، ایم ایس کو کل تبدیل کیا گیا، جہاں پر پانچ ایم پی ایز، پانچ ایم پی ایز انکے Favour میں ہیں اور وہاں پر افسر غیر منتخب لوگوں کے کہنے پر تبدیلی انکی ہو جاتی ہے، یہ بہت افسوس سے مجھے کہنا پڑتا ہے۔ جناب سپیکر، اسی کے ساتھ میرے حلقے میں ایک ہاسپیٹل ہے، بفہ میں جس میں 32 پوسٹیں تقریباً چار مہینے ہو گئے ہیں کہ سینکشن ہو چکی ہیں لیکن آج افسوس ہے کہ وہ ہسپتال اسی طرح ایک منظر پیش کر رہا ہے کہ خالی پڑا ہوا ہے، وہاں پر ایک یا دو ڈاکٹر تعینات ہیں، وہ چار مہینے ہونے کے باوجود وہاں پر کچھ نہیں ہو سکا، وہاں پر کوئی سٹاف نہیں گیا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، یہ منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ میں نے آج تک کسی آپریٹر کو بھی بھرتی نہیں کیا، میں مانتا ہوں، یہ بات صحیح کہہ رہے ہیں، آپریٹر انہوں نے بھرتی نہیں کیا ہو گا لیکن یہ ہے کہ آج مانسہرہ میں بھی کئی لوگ بھرتی ہوئے ہیں، سردار ظہور صاحب کے حلقے میں بھی ہوئے ہیں، میرے حلقے میں بھی ہوئے ہیں لیکن یہ پتہ نہیں کہ کیسے ہو گئے ہیں؟ جب آپ ڈی ایچ او سے پوچھتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ جی پشاور سے آرڈر آیا ہے، تو یہ نہ معلوم یہ کیسے آرڈر ہو جاتے ہیں؟ وزیر اعلیٰ صاحب نے تو یہاں پر یہ کہا تھا کہ ہر ایم پی اے اپنے حلقے کا وزیر اعلیٰ ہو گا لیکن آج افسوس کی بات ہے، بڑے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ آج وہ

وزیراعلیٰ جو حلقے کا وزیراعلیٰ ہے، اپنا ایک کلاس فور تعینات نہیں کر سکتا ہے۔ جناب سپیکر! پبلک ہیلتھ کی طرف میں آرہا ہوں کہ پبلک ہیلتھ کی سکیمیں اس دفعہ جو کہ اورنگزیب نلوٹھا صاحب نے تفصیل سے بات کرلی ہے، یہ بھی اپوزیشن کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہوئی ہے، ہم سراج الحق صاحب سے گزارش کرتے ہیں اور یہ توقع بھی رکھتے ہیں کہ اب بھی وقت ہے اور ان شاءاللہ ہم آپ کے ساتھ ہیں، یہ اپوزیشن آپ کا ساتھ دے رہی ہے لیکن یہ ہے کہ جو ظلم ہمارے ساتھ ہو رہا ہے، جو اپوزیشن کے ساتھ ہو رہا ہے کہ یہ نہ ہو، جو تبدیلی کی باتیں ہو رہی ہیں، آج تک کوئی تبدیلی ہمیں نظر نہیں آرہی ہے، صوبے میں کوئی تبدیلی، نو مہینے سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ کوئی تبدیلی نہیں آرہی ہے، یہ نہ ہو کسی اور تبدیلی پر ہمیں مجبور نہ کیا جائے۔ تو جناب سپیکر، آپ سے درخواست کرتے ہیں، سراج الحق صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ گزارہ کریں اور ہم بھی آپ کے ساتھ گزارہ کر رہے ہیں، تو باقی جو پبلک ہیلتھ کی سکیمیں جو کاٹی گئی ہیں، اس پر بھی غور کریں جی۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سراج الحق صاحب۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

سینیئر وزیر (خزانہ): چلو یہ آخری بھی ہو جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مجھے یہی افسوس ہے کہ ایک ایک بندہ جو ہے، کوئی بھی بندہ رہا نہیں ہے، میں نے سب کو موقع دیا ہے لیکن ایک بندہ اٹھتا ہے، پیچھے سے دو اور اٹھ جاتے ہیں تو مجھے افسوس ہوتا ہے۔ شیراز صاحب! بات کرلیں، جلدی کی کوشش کریں۔

سردار ظہور احمد: ایک منٹ کیلئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، بولیں۔

سردار ظہور احمد: جناب سپیکر صاحب! میں اپنی بات کو شارٹ کرتا ہوں، زیادہ اسکی تمہید میں نہیں جاتا، To the point آرہا ہوں۔ میرے حلقے میں میری میونسپل کمیٹی اور وہاں پر آج سے چار مہینے، پانچ مہینے پہلے کی بات ہے، پانچ بندوں کو ایک ہی دن میں بھرتی کیا گیا، وہ میری Constituency سے ان کا تعلق بھی نہیں تھا اور میں نے متعلقہ منسٹر صاحب سے بات کی تو انہوں نے بات کی کہ جی ہماری مجبوری ہے، اس

کے بعد چار بندے، دو ہیلپر تھے اور اس میں دو ڈرائیور تھے، چار بندوں کی تقرری ہوئی، میونسپل کمیٹی مانسہرہ میں ایک بندہ، کہا گیا کہ جی یہ آپ کا ہے اور باقی بندوں کے آرڈرز جو ہیں منسٹر صاحب کے ہاتھ میں دیئے گئے جب وہ مانسہرہ گئے۔ جناب سپیکر! کیا یہ انصاف ہے کہ ہمیں کلاس فور بھی بھرتی کرنے کا حق نہیں؟ اور اسی طرح ہیلتھ کے حوالے سے بات کرونگا، منسٹر صاحب سے بھی بات کرتے رہے، میرے حلقے میں ہیلتھ کی دو تین ویکنسیز تھیں کلاس فور کی، ایک سویپر کی اور دو وارڈ اردلی تھے۔ اس میں سے ایک پر، ایک پر ہمارے ایم ایس نے ایک بندہ بھرتی کیا، تو اس سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ مجھے منسٹر صاحب نے کہا ہے اور اس نے مجھے وہ آرڈرز بھی دکھائے اور وہ لیٹر بھی دکھایا کہ اس بندے کا تعلق میری Constituency سے نہیں تھا اور کہا گیا کہ میں مجبور ہوں اور مجھ پر دباؤ ہے اور میں نے معلوم کیا کہ یہ بندہ کون ہے؟ تو اس نے کہا کہ وہ ڈاکٹر اظہر جدون صاحب کے ڈرائیور کا بھائی ہے، ان کا آرڈر ہو سکتا ہے تو میرے ایک کلاس فور کے بندے کا آرڈر کیوں نہیں ہو سکتا اور اس کو آرڈرز دے دیئے گئے اور آج تک ایک بندے کیلئے، میرے ہی ایک بندے کیلئے آرڈر نہیں ہو سکا۔ بس یہ میری چند باتیں تھیں، باقی باتیں سب نے تفصیل سے کر دیں ہیں۔ بہت شکریہ جی۔ یہ انصاف ہے تو بہت اچھا ہے۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آمنہ سردار صاحبہ! ایک منٹ لیں گی، ایک منٹ۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: سر، اس کو اب آپ توصیفی کلمات سمجھیں یا تنقیدی سمجھیں، یہ آپ کی سمجھ پر منحصر ہے۔ سر، چینج آئی بالکل آئی، بڑے زور سے آئی اور نظر بھی آئی کہ پہلے ایڈورٹائزمنٹ ہوتا تھا اور پھر تقرریاں ہوتی تھیں، اب تقرریاں ہو جاتی ہیں اور پھر ایڈورٹائزمنٹس آتے ہیں جی اخباروں میں اور:

؎ شب کا سفر ہے کچھ تو اجالے خرید لو   لفظوں کے بیچتا ہوں پیالے خرید لو

بہت شکریہ۔ ایک منٹ پورا نہیں ہوا، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بہت شکریہ جی، تھینک یو جی۔ اب میں سراج الحق صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ وقت کا بھی لحاظ رکھیں، کوشش کریں کہ ٹائم پر۔ سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سپیکر صاحب! شکریہ، اور یہ اٹھارہ دنوں کا یہ سیشن میں کلاس فور کے نام کرتاہوں (تالیاں) اس لئے کہ سب سے زیادہ بحث بھی کلاس فور پر ہوئی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، گزشتہ دنوں ایک استاد میرے پاس آیا کہ میرا ٹرانسفر ہوا ہے، آپ بھی اس پر دستخط کرلیں۔ میں نے کہا ہے کہ میرے اختیارات میں بھی نہیں ہے، میرے فرائض میں نہیں ہے کہ میں آپ کے ٹرانسفر کی اجازت میں دے دوں یا نہ دوں، یہ کام ای ڈی او کا ہے اور ہم نے ویسے اپنے اوپر ایک بوجھ ڈالا ہے کہ میرے ضلع میں جو بھی سرکاری ملازمین کے تبادلے ہونگے، اس میں ضرور ایم پی اے یا وہاں کا منسٹر Involve ہو۔ سچی بات یہ ہے کہ رولز میں بھی اس کا کوئی ذکر نہیں، فرائض میں بھی اس کا ذکر نہیں ہے اور پتہ نہیں کب سے یہ کلچر شروع ہوا ہے، یہاں بابک صاحب موجود ہیں، ان کے علم میں ہے کہ سب سے زیادہ ملازمین اساتذہ ہیں اور سب سے زیادہ جو ایم پی ایز ہیں، انکے ساتھ واسطہ بھی انہی کا ہے، ممکن ہے ہم سے غلطی ہوئی ہو، ہم اس پر پورا نہیں اتر رہے ہوں لیکن پھر بھی ہمارا عزم، ہمارا ارادہ یہ ہے کہ کم از کم وہ ڈیپارٹمنٹس، ہم ان ڈیپارٹمنٹس کو آزاد کرلیں تاکہ وہ میرٹ کے مطابق فیصلے کرلیں۔ اگرچہ میں یہ بات کہہ رہا ہوں، اس پر ہم پوری طرح عمل نہیں کر رہے ہیں لیکن کرنے کی کوشش کرینگے اور ایک وقت آئیگا کہ ہم اسمیں کامیاب ہو جائینگے۔ جناب سپیکر صاحب، جو ممبران اسمبلی ہیں بشمول مجھے، اگر ہم اداروں کی اصلاح کی طرف توجہ دیں، Suppose آپ کے ہاں سکولز ہیں، آپ کے ہاسپٹلز ہیں اور آپ کے آفسز ہیں اور یہ رولز میں لکھا ہے کہ ہر ملازم آٹھ بجے دفتر میں حاضر ہو، ہمیں جانا چاہیئے تمام ایم پی ایز کو کہ سکول کو استاد پہنچا ہے آٹھ بجے یا نہیں، ہسپتال میں ڈاکٹر پہنچا ہے یا نہیں؟ سکول کے ریزلٹ کو چیک کرنا چاہیئے کہ اس کا ریزلٹ اچھا ہے یا بہتر، میں سمجھتا ہوں یہ حکومت کا بلکہ ہر ایم پی اے جو عوامی نمائندہ ہے، اسکا حق بھی ہے اور اس کا فرض بھی ہے، اگر ہم سب اس کی طرف توجہ دے دیں، اس میں بڑی کامیابی ہو گی۔ مجھے ماضی کا زیادہ علم نہیں ہے لیکن اب تو یہ شروع ہوا ہے کہ ملازمین کیلئے کلاس فور کے علاوہ کوشش یہی ہے، ایک تو پراجیکٹس ہیں، خصوصی طور پر سکولز میں کہ این ٹی ایس سسٹم شروع ہو گیا اور وہ ایک ایسا نظام ہے کہ میں اپنے ضلع کی بات کروں کہ ہم ایک بہت بڑے پریشر سے آزاد ہو گئے اور جناب! ہر کوئی ٹیسٹ دیتا ہے، اس کا جو نمبر آتا ہے، سکور ہوتا ہے، اس کے مطابق اس کو سروس ملے گی، جو پیچھے ہے وہ رہ

جائیگا۔ گزشتہ دنوں، میرٹ کی بات کروں، نرسنگ کیلئے لوگ لیے گئے، 45 سیٹس پر، میرے چھوٹے بھائی نے امتحان دیا تھااور جناب شوکت صاحب کے رشتہ دار نے بھی، لیکن ریزلٹ نکلا تو میرا بھائی بھی نہیں ہوا، ان کا رشتہ دار بھی نہیں ہوا لیکن اس سے ہمیں فائدہ یہ ہوا کہ خود میرے حلقے میں کوئی تیس سے زیادہ لوگوں نے Apply کیا تھا، تو اگر میرا بھائی بغیر میرٹ کے ہوتا تو کم از کم وہ اپنے لوگ مجھے پکڑتے کہ آپ کا بھائی ہو سکتا تھا نو دا زما ورور ولې نه شو کیدے ؟ تو سب لوگوں نے کہا کہ جناب! اس کا اپنا بھائی رہ گیا ہے تو آپ کیوں گلہ کرتے ہیں؟ اس لیے میں مانتا ہوں کہ ہم سو فیصد ٹھیک نہیں ہیں لیکن بہتری کی طرف جو سفر شروع کیا ہے، اس میں تعاون کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو اپوزیشن ہے اور یہ حکومت، اس میں بہت کم فاصلہ ہے، چند قدم کا فاصلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک دوسرے کیلئے لازم اور ملزوم ہیں اور اپوزیشن کی مثال تو بالکل میں ایک آئینہ سمجھتا ہوں، جس گھر میں آئینہ نہ ہو، وہاں کے لوگوں کی شکلیں کیسے ہونگی، وہ کبھی خوبصورت نظر نہیں آئینگے۔ اس لیے اس کا احترام کرنا، اس کو Weight دینا، اس کو اہمیت دینا، یہ ان کے اوپر ہمارا احسان نہیں ہے بلکہ یہ ہماری اپنی ایک ضرورت ہے اور جہاں اپوزیشن نہ ہو تو وہاں تو امریت ہوتی ہے، اس لئے اسکا وجود بھی جمہوری نظام کیلئے بہت ضروری ہے۔ میں نے ان کی جو تقاریر ہیں، وہ سارے نوٹس لیے لیکن کچھ نہیں لیے تو آپ کے ذریعے آپ کے سٹاف سے درخواست کرونگا کہ تمام ایم پی ایز نے ان اٹھارہ دنوں میں جو بھی تجاویز دی ہیں، وہ ہمیں دے دیں اور ہماری کوشش ہوگی کہ ہم اس کو جمع کرینگے، جہاں جہاں شکایت ہے، جس افسر سے شکایت ہے، جس وزیر سے شکایت ہے، جس ملازم سے شکایت ہے، ہم ان کو بھی بھیجیں گے اور ان کا ایک مجموعی جو خلاصہ بنتا ہے اپنی کیبنٹ کے اجلاس میں بھی پیش کرینگے، ہم چاہتے ہیں کہ آئندہ ہمارا جب اجلاس ہو تو اس میں یہ گلے شکوے، یہ اگر ختم نہ ہوں تو کم از کم نہ ہونے کے برابر ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، مفتی صاحب نے یہ جو بہت سارے اخبارات پیش کئے، مجھے خوشی ہوئی لیکن اس کا ایک اور پہلو بھی ہے کہ سچی بات یہ ہے کہ یہ اس حکومت کا وہ کارنامہ ہے کہ Right to Information قانون جو آپ لوگوں نے پاس کیا ہے، یہ اس کا نتیجہ ہے کہ خود اپنے اوپر ہم نے ریڈار لگائے ہیں، کوئی اچھائی کا کام کرے، کوئی برائی کرے، وہ اخبارات کے ذریعے، میڈیا کے ذریعے ساری قوم کے سامنے ہے اور اس سے ہماری اصلاح کا ذریعہ بھی ممکن

ہے اور اس سے آپ کے معلومات میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں، جہاں جہاں کوئی ایسی باتیں ہیں، دو کروڑ عوام ہیں اور ایک ایسا نظام ہے جو شاید وراثت میں بھی یہ سسٹم ملا ہے، ویسے ایک محترم تقریر کر رہے تھے تو مجھے وہ شعر یاد آیا کہ:

ے اتنی نہ بڑھا پاکیٔ دامن کی حکایت دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قباء دیکھ

سارے پینسٹھ سال کی ایک ہسٹری ہے، اس کی اصلاح کرنے میں ہم سب کو مل کر تعاون کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ کرپشن جو ہے، یہ ہم سب کا ایک مشترکہ دشمن ہے، وہ سرکاری اداروں میں ہو، وہ غیر سرکاری طور پر، لیکن ہم سب نے مل کر اس کے خلاف ایک جدوجہد، ایک مہم اور صحیح معنوں میں جہاد کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اس کا خاتمہ کر لیں، اس کے نتیجے میں آپ کو بھی ایک صاف ستھری حکومت ملے گی، ہمیں بھی ایک صاف ستھرا معاشرہ ملے گا۔ جناب سپیکر صاحب! آخری بات یہ ہے کہ جناب مولانا عصمت اللہ صاحب نے بات کی کوہستان کے حوالے سے اور قرآن اور حدیث کی روشنی میں ثابت کرنے کی بڑی کوشش کی ہے کہ یہ جو ہیڈ کوارٹر بن رہا ہے، یہ جائز ہے ناجائز نہیں ہے، میری تجویز یہ ہے کہ ایک طرف تو کوہستان بھاشا ڈیم کے مسئلے میں الجھا ہوا ہے، اس سے بھی عوام میں بہت زیادہ مایوسی ہے، پھر یہ بھی ایک مسئلہ ہے۔ تو اب یہ ہماری رہنمائی کریں کہ ایک طرف تو وہ عدالت میں گئے ہیں، تو اگر وہ عدالت کا اعتماد کرتے ہیں یا عدالت کا انتظار کرتے ہیں تو وہ بالکل ٹھیک بات ہے، انہوں نے یہاں بات کی اور درد دل کے ساتھ بات کی، ظاہر ہے ایک عالم ہے، ایک ممبر ہے، عوام کا نمائندہ ہے، اس کو ضرور ہم اہمیت دیں گے، تو پھر وہاں سے اپنا کیس Withdraw کر کے اسمبلی فلور پہ آجائیں تو ہم یہاں سے اسمبلی ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی بنائیں گے، انہوں نے جس طرح فیصلہ کیا، اس میں اپوزیشن کے لوگ بھی ہونگے، اس میں سرکار کے لوگ بھی ہونگے اور آپ نے جس طرح پھر مناسب سمجھا، اس کمیٹی نے، تو یہ آپ پہ میں چھوڑتا ہوں، ضروری نہیں ہے کہ یہاں ابھی آپ جواب دے دیں، بعد میں آپ جس طرح دونوں مل کر مناسب سمجھیں، ان شاء اللہ تعالیٰ ہم اس کا جواب دیں گے۔ محترم سپیکر صاحب! ہماری کوشش ہوگی کہ جو توجہ آپ لوگوں نے دی ہے، فنڈ کے حوالے سے بھی بات کی ہے، سچی بات یہ ہے کہ جو فنڈ ملا ہے، اس میں مزید اضافے کی ضرورت ہے، ایک ایک کروڑ اگر ملا بھی ہے تو اب

ایک کروڑ کی جو قیمت ہے، کرنسی گرنے کی وجہ سے کوئی نہیں رہی اور ایک سکیم بھی اس سے مکمل نہیں ہوتی ہے اور ہمیں تو احساس ہے کہ آپ لوگ جو پیسہ حکومت سے مانگ رہے ہیں، اپنے عوام کیلئے مانگ رہے ہیں اور آپ جہاں سے نمائندے ہیں، وہ ہمارے لوگ ہیں، آپ بھی ہمارے ہیں، اس پر ضرور ہم مشاورت کریں گے، محترم وزیر اعلیٰ کے ساتھ اپنی کیبنٹ کے ساتھ اور مجھے تو یہ خوشی ہے کہ کم از کم، یہاں نلوٹھا صاحب ہیں کہ مرکزی حکومت سے میرے خیال میں ہم بہت ہیں، انہوں نے جو نہیں دیا ہے، ہم نے پھر بھی کچھ نہ کچھ دیا ہے اور دینے کا ایک سفر ہم نے شروع کیا ہے۔ (تالیاں) لیکن اس کا مطلب یہ-----

سردار اورنگزیب خان نلوٹھا: کچھ بھی نہیں دیا ہے۔

سینیئر وزیر (خزانہ): کچھ بھی نہیں دیا ہے، مرکزی حکومت نے کچھ نہیں دیا ہے، ٹھیک ہے لیکن بہر حال یہاں سکول دیئے گئے، یہاں سکولز دیئے گئے ہیں، یہ جو خصوصی طور پر پبلک ہیلتھ کی جو سکیمز بند ہیں، یہاں محکمے کے لوگ بیٹھے ہیں، میں اسمبلی کی طرف سے حکومت کی طرف سے ان کو Advice کرتا ہوں، ہدایت دیتا ہوں کہ پبلک ہیلتھ کی جو سکیم ہے، وہ پانی سے متعلق ہوتی ہے اور سکیم کا بند ہونا یہ باعث شرم ہے اور باعث تکلیف بھی ہے اس لئے نئی سکیم ہو یا نہ ہو، Priority کے طور پر آپ ان سکیمز کو بغیر کسی تخصیص کے کہ یہ اپوزیشن کے حلقے میں ہیں، بھئی! اپوزیشن اور حکومت کا نام لینا ویسے ہے، ایک آدمی آج حکومت میں ہے، آج ادھر ہوتا ہے اور کل ادھر ہے، آج ادھر ہے، کل ادھر ہے، یہ ویسی بات ہے، میں سمجھتا ہوں کہ پورا صوبہ ہمارے لیے یکساں ہے۔ جناب سپیکر صاحب! مجھے خوشی ہے کہ ہمارے ہاسپٹلز کا بہت بڑا مسئلہ تھا ڈاکٹروں کا، لیکن وزیر صحت نے ہمیں یقین دلایا ہے کہ اب تک انہوں نے کوئی ایک سو تیرہ ڈاکٹر لیے ہیں اور ہم نے ان کو ایک مہینے کا ہدف دیا ہے کہ تمام ہاسپٹلز کو ڈاکٹر مہیا کریں۔ اس طرح جو باقی سٹاف ہے، اس کیلئے بھی انہوں نے Exercise شروع کی ہے اور میرا خیال ہے کہ اگر اس سال جناب سپیکر صاحب! ہم نئی عمارات نہ بھی بنا سکیں لیکن اس سال ہمارا ہدف یہ ہے کہ ڈاکٹرز کی کمی پورا کر لیں اور جو Equipments ہیں، ان کی کمی پورا کر لیں اور دوائیوں کی کمی پوری کر لیں تاکہ جو ہاسپٹلز ہیں، وہ صحیح طریقے سے چلیں۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ اب تک چھ سو ترسٹھ ڈاکٹرز بھرتی کئے گئے ہیں، اس طرح چودہ ہزار،

سولہ ہزار اساتذہ لینے کا ارادہ ہے۔ان میں سے پہلی کیپ مکمل ہوئی ہے اور باقی پر کام جاری ہے۔ محترم سپیکر صاحب! مجھے احساس ہے کہ میں نے ممبران اسمبلی کے تمام سوالات کا جواب نہیں دیا اور اگر دیا بھی ہے تو شاید قابل اطمینان نہیں ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی تجاویز کو ہم یعنی لکیر بر آب نہیں بنانا چاہتے ہیں، ان کو اہمیت دینا چاہتے ہیں، آئندہ اجلاس میں ہماری کوشش ہو گی کہ جو توجیہات آپ نے دی ہیں، آپ اس پر ہمیں شاباش دیں، میں نے آج جس طرح سردار حسین بابک صاحب نے فرمایا ہے، تمام پارلیمانی لیڈرز کو جناب سپیکر صاحب! اپنے آفس بلایا تھا، مجھے خوشی ہے کہ وہ تشریف لائے تھے اور ہم نے صوبے کے حقوق کیلئے ایک مشترکہ جدجہد کرنے کا عزم کیا ہے اور ہمارا ارادہ ہے ان شاءاللہ کہ سیاست اپنی جگہ پر لیکن اس سے بالاتر ہو کر ہم تمام پارلیمانی لیڈر مرکز سے بھی بات کریں گے، صوبے میں بھی وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کیلئے کوشش کریں گے اور یہ صوبہ جو جنگ زدہ صوبہ ہے، مصیبت زدہ صوبہ ہے، سیلاب زدہ، زلزلہ زدہ صوبہ ہے، اس کیلئے بہت زیادہ ایک پیکج کی ہم ضرورت محسوس کرتے یں اور آخری بات اگر میں کروں آپ کی اجازت سے کہ جس طرح مرکزی حکومت نے ماضی میں بلوچستان کیلئے ایک "آغاز حقوق بلوچستان" پیکج کا اعلان کیا تھا جس پر ایک اطمینان ہوا تھا بلوچ قوم کو، تو ہم نے بھی مرکزی پالیسی کے نتیجے میں جو صعوبتیں برداشت کی ہیں، جو تباہی اور بربادی دیکھی ہیں اور بستیاں برباد اور جس طرح قبرستان یہاں پر آباد ہو گئے ہیں، خاصکر ہماری پولیس نے، ہماری فوج نے، ہمارے سولین نے اور ہمارے ہر آدمی نے جو مشکلات برداشت کی ہیں اور جس کی وجہ سے سپیکر صاحب! ہماری معاشی حالت بری طرح خراب ہو گئی، پرسوں یہاں صنعت پر بات ہو رہی تھی، جناب! صنعتکار نہیں آ رہا، ان حالات کی وجہ سے بھاگ رہا ہے تو میں یہی ریکویسٹ کروں گا مرکزی حکومت سے کہ "آغاز حقوق بلوچستان" کی طرح خیبر پختونخوا کو بھی ایک پیکج دے دیں اور وہ ظاہر ہے حکومت کیلئے نہیں عوام کیلئے دے دیں۔ (تالیاں) اور میں تو تجویز دوں گا کہ بے شک یہاں جو وہ دینا چاہتے ہیں، ہمارے ذریعے خرچ بھی نہ کریں، وہ آکر خود خرچ کر لیں، یہاں سکول بنائیں، یہاں کالج بنائیں، یہاں پل بنائیں، یہاں سڑکیں بنائیں ہمیں بالکل ٹچ بھی نہ کریں لیکن پیسہ لا کر ادھر لگائیں تا کہ ہماری قوم کو ایک پیغام پہنچے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے جو قربانی دی

ہے پاکستان کیلئے، پاکستان کی مرکزی حکومت نے اس کا احترام کیا اور اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ میں ایک بار پھر آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، بہت بہت شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں یہ ایک بات کلیئر کرنا چاہتا ہوں کہ تمام محکموں کے سربراہوں کو جو ہم کارڈ ایشو کرتے ہیں، وہ اس مقصد کیلئے کہ وہ اسمبلی میں آئیں اور محکموں کے حوالے سے تمام Notes لیں اور حکومت محکمے کو پیش کریں، لہذا حکومت اپنے افسران سے ریکارڈ حاصل کرے اور اگر اسمبلی کی مدد کی ضرورت ہو تو اسمبلی سیکریٹریٹ حاضر ہے۔ (تالیاں) اب میں، سردار حسین صاحب! آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟ دو دو منٹ کوشش کرلیں کہ شارٹ اگر کوئی تجویز دے سکتے ہیں کیونکہ کورم کا پھر مسئلہ ہو رہا ہے جی۔ سردار حسین صاحب۔

جناب سردار حسین: کورم کا ادھر سے مسئلہ نہ ہو، ادھر سے مسئلہ نہیں ہوگا۔ تھینک یو، سپیکر صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب! دا د دوئ Notes واخلم نو بیا بہ ھم جواب کوم؟

جناب ڈپٹی سپیکر: نہ نہ نہ، نہ نہ نہ، بس دوئ خو بہ خپل تجاویز پیش کړی شاید او بیا خپلہ خبرہ ختموی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! سراج الحق صاحب جس طرح جواب دیتے ہیں، میرے خیال میں وہ تو کبھی بھی اس طرح جواب نہ دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب سردار حسین: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ انتہائی اہم پوائنٹ چونکہ آپ بھی تھک گئے ہیں اور سارے جو ہمارے Colleagues ہیں، وہ کافی تھکے ہوئے لگ رہے ہیں اور گیلریز میں جب ہم دیکھتے ہیں تو سیکرٹری لاء کے علاوہ ہمیں، وہ بھی میرے خیال میں تھک گئے ہونگے حالانکہ تھکنا تو سیکرٹری لاء کو ہونا چاہیے، عمر کے لحاظ سے اور اس کی محنت کے لحاظ سے اس کو Appreciate کرتے ہیں۔ سپیکر صاحب! جس طرح، اور میں اردو میں اسی لئے بات کرتا ہوں کہ جب میں بات کرنا شروع کردوں تو ہمارے بعض Colleagues جو ہیں، وہ مائیک اٹھا لیتے ہیں تو ان کی سہولت کیلئے ذرا آج میں اردو میں بات کرتا ہوں۔ سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہیلتھ اور ایجوکیشن جو ہیں، وہ انتہائی اہم ڈیپارٹمنٹس ہیں اور صوبے کے

حوالے سے جب ہم دیکھتے ہیں، میں یہی سمجھتا ہوں کہ ایجوکیشن اور ہیلتھ جو ہیں، ہر وقت میں انتہائی توجہ کے مستحق رہے ہیں۔ میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ ہر حکومت نے اپنی Strategy کے حوالے سے، اپنی پالیسیوں کے حوالے سے، اپنے فیصلوں کے حوالے سے کافی توجہ دی ہے، فنڈنگ کی ہے، محنت بھی کی ہو گی لیکن ہر وقت اس میں اتنے مسائل رہتے ہیں کہ پھر بھی فوکس ہونا پڑتا ہے، توجہ دینا پڑتی ہے۔ سپیکر صاحب! مجھے پتہ ہے کہ میرا بھائی منسٹر ہیلتھ جو ہے، وہ اپنی کوشش، پوری کوشش بھی کر رہا ہے اور محنت بھی کر رہا ہے لیکن جو ہم دیکھ رہے ہیں کہ نئی حکومت آنے کی بعد جو ہمارے ینگ ڈاکٹرز ہیں یا ہمارے سینیئر ڈاکٹرز ہیں، وہ بھی وقتاً فوقتاً احتجاج کرتے ہیں، سٹرائیکس کرتے ہیں، جس سے غریب مریضوں کو انتہائی تکلیف اٹھانا پڑ رہی ہے اور جب ہم نے ان سے دریافت کیا تو ان کا جو بنیادی ایشو ہے، وہ سروس سٹرکچر ہے اور وہ ان کا مینجمنٹ کیڈر ہے اور میرے خیال میں یہ انتہائی زیادتی ہے کہ مختلف سکیل میں جب ڈاکٹرز بھرتی ہوتے ہیں، ان کا سروس سٹرکچر نہ ہونا یہ ان کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ساتھ ساتھ یہ جو مسائل پھر Colleagues نے Raise کئے، مینجمنٹ کیڈر کا نہ ہونا، یہ بھی بہت مسئلہ ہے، حکومت کے نوٹس میں یہ لانا چاہ رہے ہیں کہ ہو سکے تو سروس سٹرکچر اور جو مینجمنٹ کیڈر ہے، ان کا بنیادی ایشو ہے، اس پہ ذرا غور ہو۔ دوسری بات، حکومت میں آنے کے بعد ہم نے یہاں پہ سنا تھا کہ صوبے میں جتنے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپٹلز ہیں، ان کو ٹیچنگ ہاسپٹلز میں Convert کریں گے، ان کا صورتحال اگر منسٹر صاحب بتانا پسند کریں تو بھی ہمارے لئے آسانی ہو گی۔ ڈینگی کا یہاں پہ بہت بڑا مسئلہ رہا، خاصکر سوات میں سپیکر صاحب، ہم نے دیکھا، وزٹ بھی کیا، لوگوں سے بھی سنا، سوات کے یہاں پہ ہمارے ساتھی بھی بیٹھے ہیں، غریب لوگوں نے خود سے وہاں پہ ٹیسٹ کروائے، حالانکہ شاید حکومت نے کوشش کی ہو گی، وہ مسئلہ جو ہے، وہ تاحال ابھی تک پڑا ہوا ہے، وہ مسئلہ جو ہے وہ خاصا توجہ طلب ہے۔ اسی طرح صوبے میں جتنے پرائیوٹ میڈیکل کالجز ہیں، سپیکر صاحب! یہ ایک عجیب المیہ ہے کہ سٹوڈنٹس جو ہیں، وہ ایڈمیشن لے لیتے ہیں، اب سٹوڈنٹس کی ذمہ داری ہے، ان کے Parents کی بھی ذمہ داری ہے کہ اگر کوئی کالج PMDC سے رجسٹرڈ نہیں ہے، وہ تھرڈ ایئر میں پہنچ جاتے ہیں، وہ فورتھ ایئر میں پہنچ جاتے ہیں، وہ سیکنڈ ایئر میں پہنچ جاتے ہیں تب جا کے پتہ چل جاتا ہے کہ وہ جو کالج ہے، وہ تو رجسٹرڈ ہی نہیں ہے اور بہت بڑا ایشو کھڑا ہو جاتا ہے۔ جو سٹوڈنٹس ہوتے ہیں، ان کو پھر جو

Recognized colleges ہیں، ادھر کھپانا پڑتا ہے، فیس کا مسئلہ ہوتا ہے، ان کی سٹڈیز کا مسئلہ ہوتا ہے، ان کی عمر کا بھی مسئلہ ہوتا ہے، یہ بھی توجہ طلب مسئلہ ہے۔ دو ایشوز ایسے ہیں جس میں مجھے منسٹر ہیلتھ کی توجہ ذرا چاہیے، وہ ذرا فارغ ہو جائیں منی اسمبلی سے، ایک جو مسئلہ ہے، وہ "صحت کا انصاف"، یہاں پہ پروگرام نئی حکومت نے آغاز کیا "صحت کا انصاف"، میں نے خود پتہ کیا کہ ذرا پوچھ لوں کہ یہ صحت کا جو انصاف ہے، یہ پراونشل گورنمنٹ کا Funded ہے یا Foreign funded scheme ہے؟ مجھے یہ بتایا گیا کہ یہ یونیسف کی Funded scheme ہے، ابھی یہ نہیں معلوم کہ اتنی زیادہ Advocacy اتنا زیادہ Propagation یا میڈیا کیلئے اتنا زیادہ ایلوکیشن، میں نے ایسے ایسے اخبارات میں بھی اشتہارات پڑھے جن اخبارات کا عوام سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں، میں نے ہولڈنگز، بینرز، وال چاکنگ، الیکٹرانک میڈیا پر، پرنٹ میڈیا پر، پھر مجھے عجیب لگا، پشاور میں جو ہم سمجھتے ہیں کہ سب سے زیادہ تعلیم یافتہ لوگ ہیں، اب جو مرض ہے یا جو امراض ہیں، اگر ہم اسکے تدارک کیلئے یا اسکے، کیا کہہ سکتے ہیں، پرہیز کیلئے یا اسکے خاتمے کیلئے اگر ہم نے اتنی بڑی تشہیر کرنا ہوتی ہے تو میں یہ تو سمجھتا ہوں کہ وہ تو جو Hilly areas ہیں، جو Far-flung areas ہیں، وہاں تو انتہائی ضروری ہے، میں نے یہاں پر یہ محسوس کیا کہ ایک طرف سے جو پولیو کے ڈراپس ہیں، ڈراپس، وہ جن لوگوں سے پلائے جا رہے ہیں، ان لوگوں نے، ان بچوں نے، ان ورکرز نے تحریک انصاف کی ٹوپیاں پہنی ہیں، جھنڈے لہرائے ہیں، مجھے تو ایسا لگا کہ یہ جو Foreign funded scheme ہے یہاں پر مہلک امراض کے خاتمے کیلئے ہے، ٹھیک ٹھاک طرح سے استعمال ہونا چاہیئے لیکن میں نے یہ محسوس کیا، شاید میں نے غلط محسوس کیا ہو کہ وہ تو ایک پولیٹیکل سکورنگ کیلئے اور پولیٹیکل پارٹی کی تشہیر کیلئے اور اس کے Propagation کیلئے زیادہ استعمال ہوا، ایسا تو سپیکر صاحب! نہیں ہونا چاہیئے اور ایسا نہیں ہونا چاہیئے، جسطرح سراج الحق صاحب نے کہا کہ ہمارا غریب صوبہ ہے، اسمیں کوئی شک نہیں ہے، ہمارے بڑے محدود وسائل ہیں اور ہمارے جو Foreign funded schemes ہیں، انکا اعتماد اگر ہم بحال کریں گے تو اس کیلئے تو یہ بات Ensure کرنا لازمی ہے کہ جو فنڈ ہمیں مل رہا ہے، ٹھیک ٹھاک اس مقصد پر صرف ہونا چاہیئے، خرچ ہونا چاہیئے جس مقصد کیلئے وہ فنڈ ہمیں ملا ہے۔ ساتھ ساتھ سپیکر صاحب! میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ آخر اگر یونیسف کا فنڈ ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار بابک صاحب! ریکویسٹ کرتا ہوں، ٹائم بہت کم ہے، کوشش کریں کہ ذرا کم۔

جناب سردار حسین: سر جی، یہ دو ایشوز جو ہیں، وہ انتہائی اہم ہیں، یہ میں منسٹر صاحب کے۔۔۔۔۔

محترمہ ملیحہ تنویر: سپیکر صاحب! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سردار حسین: نہیں کورم برابر ہے، اگر یہ یونیسف کا فنڈ ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کورم پوائنٹ آؤٹ ہو گیا ہے۔

جناب سردار حسین: تو چلو Count کروالیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Counting کریں جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائیں جی۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں تو شروع سے یہی رونا رو رہا تھا، اب میں جناب سپیکر کا فرمان پڑھ کر سناتا ہوں:

"In exercise of powers conferred on me, by Clause 3 of Article 54, read with 127, of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Asad Qaiser, Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa shall stand prorogued on Thursday, 6th March, 2014, on the completion of its business fixed for the day till such date as may hereafter be fixed". Thank you.

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)